سوال

(716) سبز عمامہ پگڑی کے متعلق فرمائیں کہ سنت ہے یا نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سبز عمامہ پگڑی کے متعلق فرمائیں کہ سنت ہے یا نہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سے رنگ کا عمامہ پہنا تھا کہتے ہیں کہ عمامہ پہن کر نماز پڑھیں تو زیادہ ثواب ہوتا ہے ؟ محمد سلیم بٹ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سفید عمامہ افضل ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفید لباس وکپڑے کو افضل قرار دیا ہے عمامہ پہننے میں اجر وثواب ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی عمامہ پہنتے تھے [رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پگڑی مبارک کالے رنگ کی تھی] [ابوداود المجلد الثانی کتاب اللباس باب فی العمائم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01 ص505

محدث فتویٰ